## استعمال واؤچر اسکیم
## رجسٹریشن سے متعلق نوٹس

استعمال واؤچر اسکیم ("اسکیم") کے تحت، ہر اہل شخص کو 5,000 ڈالر کی مجموعی قدر والے برقی استعمال واؤچر قسطوں میں ادا کیے جائیں گے جس کا مقصد مقامی استعمال کی حوصلہ افزائی کرنا اور اس میں اضافہ کرنا ہے۔

**<u>اہلیت کے معیار</u>**

رجسٹریشن کرانے والا شخص نیچے بیان کردہ معیاروں پر پورا اترتا ہو – یعنی رجسٹر کرانے والا شخص:

(a) اس کی عمر 18 جون 2021 کو یا اس سے پہلے 18 سال یا اس سے زیادہ ہو؛ اور

(b) 18 جون 2021 کو

(i) ہانگ کانگ کا ایک مستقل باشندہ ہو جس کے پاس ایک ویلڈ مقامی طور پر جاری کردہ ہانگ کانگ مستقل شناختی کارڈ ("ایچ کے پی آئی سی") یا افراد کے رجسٹریشن کے ضوابط، باب 177A کے تحت رجسٹریشن کمشنر کے ذریعہ جاری کرہ استثناء کی سند ("ای سی") ہو؛ یا

(ii) ہانگ کانگ کا ایک باشندہ ہو جس کے پاس ایک ویلڈ ہانگ کانگ شناختی کارڈ ("ایچ کے آئی سی") یا افراد کے رجسٹریشن کے ضوابط، باب 177A کے تحت رجسٹریشن کمشنر کے ذریعہ جاری کرہ ای سی ہو جو ہانگ کانگ اور مکاؤ میں قانونی چارہ جوئی کے لیے اجازت نامہ پر (جسے عام طور پر "یک طرفہ اجازت نامہ" کہا جاتا ہے) ہانگ کانگ آیا ہو؛ یا

(iii) ہانگ کانگ کا ایک باشندہ ہو جس کے پاس ایک ویلڈ ایچ کے آئی سی یا افراد کے رجسٹریشن کے ضوابط، باب 177A کے تحت رجسٹریشن کمشنر کے ذریعہ جاری کرہ ای سی ہو جسے (b)(i) کے ذریعہ کفالت کردہ ایک آزاد فرد کے طور پر ہانگ کانگ میں رہنے کی درست اجازت حاصل ہو؛ اور

(c) ""ہانگ کانگ میں رہائش پذیر: کے تقاضوں کی تعمیل کرتا ہو۔

اسکیم کے مقصد کے لیے، ایک رجسٹریشن کرانے والے شخص کو ہانگ کانگ میں رہائش پذیر اس صورت میں سمجھا جاتا ہے کہ وہ 18 جون 2021 سے فوراً پہلے 24 مہینوں تک ہانگ کانگ سے مسلسل غائب نہ رہا ہو، سوائے اس وجہ سے کہ مذکورہ مدت کے دوران، وہ شخص:

(a) گوانڈونگ اسکیم کے تحت قابل انتقال جامع سوشل سیکیورٹی امداد اسکیم، الاؤنس، یا فوجیان اسکیم کے ذیل میں امداد وصول کرنے والا ہو؛

(b) ہانگ کانگ سے باہر کسی ایسے اسکول/یونیورسٹی میں پڑھائی کر رہا/رہی ہو جو متعلقہ اتھارٹی کے ذریعہ تسلیم شدہ ہو؛

(c) محکمۂ لیبر کے ذریعہ انتظام کردہ "کام کی چھٹی" کا ایک شریک ہو؛ (d) طبی وجوہات کی بنا پر ہانگ کانگ سے باہر اسپتال میں داخل ہو؛
(e) ہانگ کانگ خصوصی انتظامی علاقہ کی حکومت ("حکومت") کے لیے یا ہانگ کانگ میں واقع کمپنی/تنظیم کے لیے عارضی بنیاد پر ہانگ کانگ سے باہر ذمہ داریاں انجام دے رہا ہو*؛ یا اس طرح کی ذمہ داریاں انجام دے رہے خاندان کے کسی بالکل قریبی رکن کے ساتھ ہو؛ اور/یا
(f) کوئی ایسا دیگر استثنائی سبب(اسباب) ہو جسے حکومت کے ذریعہ اسکیم کے مقصد کے لیے بطور درست طے کیا گیا ہو۔

*اسکیم کے مقصد کے لیے، اس کا مطلب ہے کہ وہ شخص ہانگ کانگ میں واقع کسی کمپنی یا تنظیم کے ذریعہ ملازمت پر رکھا گیا ہو اور اسے ہانگ کانگ سے باہر کام کرنے کے لیے عارضی طور پر تعینات کیا گیا ہو اور تعیناتی کے بعد اس کا ہانگ کانگ واپس آنے کا ارادہ ہو۔

## رجسٹریشن، حصول اور استعمال

قبل اس کے کہ اہل افراد واؤچرس حاصل کر سکیں انھیں درج ذیل ایک اسٹورڈ ویلیو فیسلٹیز ("ایس وی ایف") کے ذریعہ رجسٹریشن کرانا ہو گا؛ الیپے ایچ کے، آوکٹوپس، ٹیپ اینڈ گو اور وی چیٹ پے ایچ کے۔

### *رجسٹریشن*

رجسٹریشن کنندگان اسکیم ویب سائٹ کے توسط سے آن لائن (www.consumptionvoucher.gov.hk) یا کسی ڈاک خانہ یا خصوصی بینک شاخوں میں ڈراپ باکسز میں کاغذی فارم جمع کر کے رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔

### *حصول*

آکٹوپس منتخب کرنے والے کامیاب رجسٹریشن کنندگان درج ذیل ذرائع سے استعمال واؤچرس حاصل کر سکتے ہیں:

1. ایم ٹی آر اسٹیشنوں پر لگے ہوئے سبسڈی کلیکشن پوائنٹس، لائٹ ریل کسٹمر سروس سینٹر، متعینہ عوامی نقل و حمل کے چوراہے اور متعینہ کشتیوں کے گھاٹ؛
2. 7-الیون، سرکل K کے سبھی آوٹ لیٹ، اور ویلکم سپرمارکیٹ؛
3. آوکٹوپس سروس پوائنٹس؛ اور
4. آوکٹوپس ایپ۔

الیپے ایچ کے، ٹیپ اینڈ گو اور وی چیٹ پے ایچ کے منتخب کرنے والے کامیاب رجسٹریشن

کنندگان کے لیے، استعمال واؤچرس رجسٹرشدہ ایس وی ایف کھاتوں میں براہ راست ڈیپازٹ کیے جائیں گے۔

***استعمال***

استعمال واؤچرس کو لوکل ریٹیل، کیٹرنگ اور سروس آوٹ لیٹ یا ان کے آن لائن پلیٹ فارموں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ درج ذیل لین دین آئٹمز اس سے مستثنی ہیں:

- سرکار کو ادائیگیاں (مثلاً ٹیکس، جرمانے، لائسنس فیسیں ،ٹنل فیسیں، پارکنگ میٹرس)
- عوامی استعمال کی چیزوں کی فیسیں (یعنی پانی، بجلی اور گیس)
- عوامی تنظیمیوں کی فیسیں (مثلاً ہاسپٹل اتھارٹی، ہانگ کانگ ہاؤسنگ اتھارٹی، ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی)
- تعلیمی اخراجات (یعنی مقامی اور غیرمقامی نصاب تعلیم فراہم کرنے والے پرائمری اور سیکنڈری اسکولوں، اور یو جی سی کے ذریعہ مالیات فراہم کردہ یونیورسٹیوں کی فیسیں)
- مالی مصنوعات یا خدمات کی خریداری (مثلاً بیمہ)
- عطیہ (خیراتی، مذہبی اور سیاسی تنظیموں سمیت)
- ہانگ کانگ سے باہر واقع تاجروں سے براہ راست خریداریاں (غیرمقامی آن لائن پلیٹ فارموں کے ذریعہ مقامی طور پر کی گئی آن لائن خریداریاں)
- فرد سے فرد کو ادائیگیاں
- نقدی وغیرہ

**<u>ٹائم ٹیبل</u>**

*آکٹوپس*

| 4 جولائی سے 17 جولائی کے بیچ مکمل کئے گئے برقی رجسٹریشن | 18 جولائی سے 14 اگست کے بیچ مکمل کئے گئے برقی رجسٹریشن اور سب کاغذی رجسٹریشن |
|---|---|
| **پہلا واؤچر (2,000 ڈالر)** | |
| **1** اگست | **1** ستمبر |
| **دوسرا واؤچر (2,000 ڈالر)** | |
| **1** اکتوبر | **1** نومبر |
| **تیسرا واؤچر (1,000 ڈالر)** | |
| **16** دسمبر 2021<br>(اگر مجموعی اہل خرچ **30** نومبر 2021 تک 4,000 ڈالر پہنچ گیا ہے)<br><br>یا **16** جنوری 2022 / 16 فروری 2022 / 16 مارچ 2022 (اگر مجموعی اہل خرچ **31** دسمبر 2021 / 31 جنوری 2022 / 28 فروری 2022 تک 4,000 ڈالر پہنچ گیا ہے) | **16** جنوری 2022<br><br>(اگر مجموعی اہل خرچ تاریخ **31** دسمبر 2021 تک 4,000 ڈالر پہنچ گیا ہے)<br><br>یا **16** فروری 2022/ 16 مارچ 2022 / 16 اپریل 2022 (اگر مجموعی اہل خرچ **31** جنوری 2022/ 28 فروری 2022 / 31 مارچ 2022تک 4,000 ڈالر پہنچ گیا ہے) |

| | |
|---|---|
| | |

*ایلیپسے ایچ کے، ٹیپ اینڈ گو، وی چیٹ پے ایچ کے*

| **4 جولائی سے 17 جولائی کے بیچ مکمل کئے گئے برقی رجسٹریشن** | | **18 جولائی سے14 اگست کے بیچ مکمل کئے گئے برقی رجسٹریشن اور سب کاغذی رجسٹریشن** | |
|---|---|---|---|
| **خرچ کرنے کی تاریخ** | **میعاد ختم ہونے کی تاریخ** | **خرچ کرنے کی تاریخ** | **میعاد ختم ہونے کی تاریخ** |
| **پہلا واؤچر (2,000 ڈالر)** | | | |
| **1** اگست | **31** دسمبر | **1** ستمبر | **31** جنوری 2022 |
| **دوسرا واؤچر (3,000 ڈالر)** | | | |
| **1** اکتوبر | **31** دسمبر | **1** نومبر | **31** جنوری 2022 |

**پوچھ تاچھ**

برائے مہربانی اسکیم ہاٹ لائن کو 5000 18 پر کال کریں۔ اگر آپ کو اسکیم ہاٹ لائن کے عملہ کے ساتھ مواصلت کرنے کے لیے چیئر (CHEER) کی ترجمانی خدمت کی ضرورت ہے تو، برائے مہربانی چیئر کی ہاٹ لائن سے 6833 3755 پر رابطہ کریں۔